بسم اللہ الرحمن الرحیم

فون ۴۴۹

إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ ۔ عَسٰى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُودًا

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ الفضل ربوہ

قائمقام ایڈیٹر یوسف سہیل شوق

The Daily ALFAZL RABWAH

فی پرچہ ۱۵ پیسے

جلد ۶۹/۳۴ | ۱۴ ذی قعدہ ۱۴۰۰ھ ؛ ۲۵ تبوک ۱۳۵۹ ؛ ۲۵ ستمبر ۱۹۸۰ء | نمبر ۲۱۸

کیلگری (کینیڈا) کی جماعت کی طرف سے استقبالیہ میں

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی شمولیت

شہر کے میئر نے استقبالیہ ایڈریس پڑھا۔ دانشوروں۔ سکالروں۔ اراکین پارلیمنٹ

اور شہر کی نمایاں شخصیات کی شرکت

کینیڈا کے دورہ کے بارے میں محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب کی کیبل گرام

واشنگٹن ۱۹ تبوک / ستمبر۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے بارے میں حضور کے پرائیویٹ سیکرٹری محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب نے جناب امیر صاحب مقامی محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کے نام جو کیبل گرام ارسال کی ہے، اس کے مطابق

حضور کی طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے الحمد للہ حضرت سیدہ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔

کیبل گرام میں بتایا گیا ہے کہ حضور ٹورانٹو کیلگری اور سان فرانسسکو کا دورہ کرنے کے بعد ۱۵ ستمبر ۱۹۸۰ء کو واشنگٹن پہنچ گئے۔ ٹورانٹو میں حضور نے جمعہ پڑھایا۔ اور خطبہ ارشاد فرمایا۔ خطبہ میں حضور نے جماعت پر زور دیا کہ وہ قرآنی تعلیمات کے مطابق اپنی زندگیاں گزاریں اور حقیقی احمدی بنیں۔

شام کو حضور نے ٹورانٹو شہر کے میئر اور ایک رکن پارلیمنٹ سے ملاقات کی اس کے علاوہ بعض اور افراد بھی حضور سے ملنے آئے۔ حضور نے اس روز جماعت ٹورانٹو کے بعض ارکان سے بھی ملاقات کی۔ ۶ ستمبر کو حضور نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب فرمایا۔ بعد دوپہر حضور نے جماعت کے دوسو احباب کے ساتھ قریباً ۵ گھنٹے تک ملاقات کی۔ اسی شام حضور ایدہ اللہ تعالیٰ جماعت کی طرف سے دیئے گئے ڈنر میں مہمان خصوصی تھے۔ اس میں جماعت احمدیہ کینیڈا کے ۲۵ ارکان کے علاوہ دیگر نمایاں شخصیات بھی شامل تھیں۔

۷ ستمبر کو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کیلگری پہنچے۔ جہاں پر حضور اور دیگر اہل قافلہ کا استقبال کیلگری کی جماعت کے صدر مکرم راجہ باسط احمد صاحب اور دیگر احباب جماعت نے کیا۔ رات کو حضور نے احباب جماعت کے ساتھ رات کا کھانا کھایا۔ حضرت بیگم صاحبہ بھی امام اللہ کی طرف مدعو تھیں۔

۸ ستمبر صبح کو حضور نے جماعت کے ۷۰ افراد اور ان کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔ اس دوپہر کو حضور جماعت ایڈمونٹن کی طرف سے دیئے گئے لنچ میں مہمان خصوصی تھے۔ اس کے بعد حضور کیلگری کا مشن ہاؤس دیکھنے تشریف لے گئے جو کہ حال ہی میں خریدی گئی ایک بلڈنگ میں واقع ہے۔ یہاں پر حضور نے ظہر و عصر کی نمازیں پڑھائیں۔

۹ ستمبر کو حضور سارا دن مصروف رہے۔ اور جماعت کے ارکان شہر کے بڑے بڑے لوگوں اور سکالروں سے ملاقات کی۔ اس شام کو حضور جماعت احمدیہ کیلگری کی طرف سے دیئے گئے ڈنر میں مہمان خصوصی تھے۔ اس میں شہر کے میئر۔ یونیورسٹی کے پروفیسر اراکین پارلیمنٹ اور شہر کی نمایاں شخصیات کے علاوہ مقامی احباب جماعت نے شرکت کی۔ صدر جماعت احمدیہ کیلگری مکرم راجہ باسط نے حضور کو خوش آمدید کہتے ہوئے استقبالیہ ایڈریس پیش کیا۔ اہالیان کیلگری کی طرف سے شہر کے میئر نے بھی استقبالیہ ایڈریس پڑھا۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ڈنر کے بعد اپنے خطاب میں اسلام کی حسین تعلیم کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور بتایا کہ ان تعلیمات پر عمل کر کے انسان خدا تعالیٰ سے زندہ تعلق پیدا کر سکتا ہے۔ حضور نے اپنے خطاب میں اسلام کی ان تعلیمات کو بیان کیا۔ جس میں کہا گیا ہے کہ نوع انسان کی بہتری کے لئے مشترکہ نکات پر اتحاد پیدا کیا جائے۔ حضور نے فرمایا کہ یہ اصول خدا تعالیٰ کی وحدانیت اور نوع انسان کی برابری کے اصول ہیں۔ ان اصولوں پر عمل کر کے انسانیت کی بھلائی اور بہتری کے لئے کام کیا جا سکتا ہے۔ آخر میں حضور مختلف مہمانوں سے انفرادی طور پر ملے۔ اور ان سے گفتگو فرمائی۔

۱۰ ستمبر کو حضور جماعت کے احباب کے ساتھ پکنک کے لئے تشریف لے گئے۔ احباب جماعت توجہ اور التزام سے دعائیں کرتے رہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ اپنے خاص فضل و کرم سے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے مقاصد دینیہ میں غیر معمولی برکت بخشے۔ حضور کے دورہ کی لاتعداد کامیابیوں میں مزید اضافے کرے۔ اور اپنی تائید و نصرت سے نوازتا رہے آمین۔

دورۂ یورپ ۱۹۸۰ء

حضرت اقدس ایدہ اللہ کے حالیہ دورۂ یورپ کی دلچسپ اور ایمان افروز تفاصیل پر مشتمل رپورٹ کی پہلی جلد شائع ہو گئی ہے۔ ہر ورق حضور ایدہ اللہ کی روانگی کی چار تصاویر سے مرصع ہے۔ نہایت خوبصورت اور دیدہ زیب طباعت سفید کاغذ اور مضمون ہے کہ ہر لحاظ دوستوں کی نئی لذت سے ہمکنار کرتا ہے۔ مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ سے رابطہ کریں۔ (مہتمم اشاعت)

اخبار احمدیہ

۵۔ حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت عام طور پر اچھی ہے۔ تاہم بلڈ پریشر زیادہ ہے۔ احباب کرام توجہ اور التزام سے حضرت سیدہ بیگم صاحبہ کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے دعائیں جاری رکھیں اللہ تعالیٰ آپ کو بابرکت لمبی عمر عطا کرے آمین

۵۔ خاکسار کو جھنگ صدر میں ایک جلسہ میں شمولیت کے بعد واپس سرگودہا آتے ہوئے راستہ میں سخت بخار ہو گیا۔ تین دن سے متواتر بخار ہے۔ احباب دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ کامل و عاجل صحت عطا فرمائے آمین

عزیز الرحمن منگلا مربی ضلع سرگودہا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پبلشر۔ سعد احمد پرنٹر۔ سید عبدالحی ؛ مطبع۔ ضیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقام اشاعت۔ دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

روزنامہ
الفضل
ربوہ

۱۴ ذی قعدہ ۱۴۰۰ھ

۲۵ تبوک ۱۳۵۹ہش

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اسلام کی حسین تعلیم

امام جماعت احمدیہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نائیجیریا میں اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا بھر کے مسائل کا حل اسلام کے آفاقی اصولوں پر عمل کرنے میں ہے۔

اس بات میں کسی کو کلام نہ ہونا چاہیئے کہ آج کی دنیا کے مسائل کی بہت بڑی وجہ بلکہ بنیادی وجہ یہ ہے کہ تمام دنیا میں مفاد پرستی اور دوسروں کے حقوق غصب کر لینے کا رجحان زوروں پر ہے۔ اور کسی شخص کو کسی دوسرے پر کوئی اعتبار نہیں ہے۔ اس نفسا نفسی کا عالم صرف ذاتی سطح پر ہی نہیں ہے بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی یہی صورت حال کارفرما ہے اور ایک دوسرے سے ہمدردی اور خدا ترسی کا فقدان اس درجہ بڑھ چکا ہے کہ بات ظلم و جور کی حدوں کو پھلانگنے تک آ گئی ہے۔

اسلام کی تعلیم اس سلسلے میں بڑی واضح ہے اسلام نرمی اور محبت کا مذہب ہے۔ ہر شخص سے پیار کرنا اسلام کے بنیادی اصولوں میں شامل ہے اس سے دشمن تک بھی مستثنیٰ نہیں ہیں۔

حضرت مسیح موعود نے اسلامی تعلیمات کی نہایت لطیف و بسیط پیرائے میں وضاحت فرمائی ہے۔ آپ فرماتے ہیں:۔

"اس کی توحید زمین پر پھیلانے کے لئے اپنی تمام طاقت سے کوشش کرو اور اس کے بندوں پر رحم کرو اور ان پر زبان یا ہاتھ یا کسی تدبیر سے ظلم نہ کرو اور مخلوق کی بھلائی کے لئے کوشش کرتے رہو اور کسی پر تکبر نہ کرو گو اپنا ماتحت ہو اور کسی کو گالی مت دو گو وہ گالی دیتا ہو۔ غریب اور حلیم اور نیک نیت اور مخلوق کے ہمدرد بن جاؤ تا قبول کئے جاؤ۔"

(کشتی نوح ص۱۵)

کاش کہ یہ دنیا اسلام کے ان حسین اور پاکیزہ اصولوں پر عمل کرے۔ تاکہ دنیا دوزخ سے جنت اور آگ سے ٹھنڈک بن جائے۔ دنیا کے لوگ ایک دوسرے کے دشمن ہو جانے کی بجائے ایک دوسرے کے دکھ درد کو دنیا دکھ درد سمجھیں اور کاش کہ دنیا بھر کے بھیڑیئے مسیح موعود کی اس تعلیم پر کان دھریں۔ فرمایا:۔

"بہت ہیں جو حلم ظاہر کرتے ہیں مگر وہ اندر سے بھیڑیئے ہیں بہت ہیں جو اوپر سے صاف ہیں مگر اندر سے سانپ ہیں۔ سو تم اس کی جناب میں قبول نہیں ہو سکتے جب تک ظاہر و باطن ایک نہ ہو۔ بڑے ہو کر چھوٹوں پر رحم کرو نہ ان کی تحقیر۔ عالم ہو کر نادانوں کو نصیحت کرو نہ خود نمائی سے ان کی تذلیل اور امیر ہو کر غریبوں کی خدمت کرو نہ خود پسندی سے ان پر تکبر۔"

(کشتی نوح ص۱۶)

اے خدا تو سب کو ہدایت و رہنمائی کی یہ آواز سننے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔

"ہم عاجزوں پہ فضلِ خدا ہو کے رہے گا"

ہم عاجزوں پر فضلِ خدا ہو کے رہے گا
تم لاکھ نہ چاہو۔ بخدا ہو کے رہے گا

وہ تم کہ طبیعت میں ہے ہر اک سے برائی
وہ ہم کہ جہاں بھر کا بھلا ہو کے رہے گا

تم ہو گے جہاں جور کے افسانے چھڑیں گے
ہم ہوں گے جہاں ذکرِ وفا ہو کے رہے گا

تم ساتھ تھے جب سنگ اٹھایا تھا عدو نے
اے دوستو! تم سے یہ گلہ ہو کے رہے گا

اس جبر پہ یہ صبر۔ ہے عشاق کے شایاں
محبوبِ ازل اس کا صلہ ہو کے رہے گا

لائے گی کبھی رنگ مری آہ سحر خیز
یہ درد مری جان دوا ہو کے رہے گا

آہیں مری اس در پہ صدا دے کے رہیں گی
اک غلغلہ اس در پہ بپا ہو کے رہے گا

گر یہ مرا پہنچے گا بہ افلاک کسی دن
نالہ مرا اک روز رسا ہو کے رہے گا

پھیلے گا مرا عشق کراں تا بہ کراں! دوست
تقدیر ہے، قدرت کا لکھا ہو کے رہے گا

پہنچے گی صدا میری جہاں بھر میں یہ ہر سُو
یہ یاد رہے میرا کہا۔ ہو کے رہے گا

تم دیکھو گے محبوبِ حقیقی کی طرف سے
کیا کیا نہ مرے حق میں بھلا ہو کے رہے گا

دیکھو گے بن آئے گی کسی روز وفا کی
خود حسن بھی مجبورِ وفا ہو کے رہے گا

تم آؤ گے محرومِ سکوں۔ نادم و ششدر
کچھ اس طرح یاں حشر بپا ہو کے رہے گا

ہے اپنی نظر فضلِ خداوند پہ محمود
ہم عاجزوں پر فضلِ خدا ہو کے رہے گا

(محمود احمد مرزا عبدالحکیم)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

محفلِ سوال و جواب

نوٹ :- ادارہ الفضل کی طرف سے احباب کی علمی تشنگی دور کرنے کے لئے سوال و جواب کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے جس میں سلسلہ عالیہ احمدیہ کے اکابر علماء احباب کے سوالات کے جواب دیتے ہیں۔ ان سوالات کے جوابات محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد نے دیئے ہیں۔

(ایڈیٹر)

سوال ۱:- ماہنامہ ربوہ کے بعض قدیم ترین احمدی بزرگوں کے نام بتائیں۔

جواب:- منشی عطاء محمد صاحب (چنیوٹ)، منشی سرفراز خاں صاحب (جھنگ)، مولوی تاج محمود صاحب (لالیاں)، اللہ دودھا یا صاحب (پنڈی بھٹیاں)۔

سوال ۲:- حضرت بانی جماعت احمدیہ کی کتب کی صحیح تعداد کیا ہے؟

(مبارک احمد ظفر۔ ترگڑی)

جواب:- بالغ سے (روحانی خزائن کے مطابق)

سوال ۳:- حضرت سلطان ٹیپو اور ان کے والد مرحوم کا اصل نام کیا تھا؟

(بریگیڈیئر ریٹائرڈ اقبال شمیم۔ راجہ محمد یعقوب خاں۔ ربوہ)

جواب:- والد کا نام سلطان حیدر علی اور سلطان ٹیپو کا نام فتح علی خان۔

(تاریخ سلطنت خداداد میسور از محمود بنگلوری)

یاد رہے کہ ایک دفعہ سیدنا محمود رضؓ کی تقریر (فرمودہ ۱۸ مارچ ۱۹۴۸ء) میں سلطان ٹیپو کے لئے حیدر الدین کے الفاظ چھپ گئے تھے جو قطعی طور پر تقریر نویس کی غلطی کا نتیجہ تھے۔

سوال ۴:- حضرت مسیح موعود کا پہلا الہام کیا تھا۔ اور کب ہوا؟

(مبارک احمد ظفر ترگڑی)

جواب:- "ثَمَانِیْنَ حَوْلًا اَوْ قَرِیْبًا مِّنْ ذٰلِکَ۔ اَوْ تَزِیْدُ عَلَیْہِ سِنِیْنًا۔ وَتَرٰی نَسْلًا بَعِیْدًا" یعنی تیری عمر اسّی برس کی ہوگی، یا دو چار کم، یا چند سال زیادہ اور تو اس قدر عمر پائے گا کہ ایک دور کی نسل کو دیکھ لے گا۔ یہ الہام قریباً ۱۸۶۵ء میں ہوا۔

(تذکرہ طبع سوم ص۷)

سوال ۵:- کس حدیث میں حضرت ابراہیمؑ کے ثلاثہ کذبات" کا ذکر ہے؟

(مبارک احمد ظفر۔ ترگڑی)

جواب:- بخاری شریف مصری جلد ص۴۵۳ باب قول اللہ تعالےٰ وَاتَّخَذَ اللّٰہُ اِبْرٰھِیْمَ خَلِیْلًا

سوال ۶:- کتاب "شہادۃ القرآن" کس شخص کے جواب میں لکھی گئی؟

جواب:- برِّ صغیر کے مشہور سیّد و عالم عنایت اللہ المشرقی کے والد ماجد جناب منشی عطاء محمد صاحب امرتسر کے خط کے جواب میں۔

سوال ۷:- کسی قدیم عالم یا مفسّر کا نام لیں جنہوں نے منسوخ آیات کا ذکر کیا ہو۔

(مبارک احمد ظفر۔ ترگڑی)

جواب:- مجدّد اسلام حضرت علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے تفسیر اتقان کی سینتالیسویں نوع میں تحریر فرمایا ہے کہ اکیس ۲۱ آیات منسوخ مانی گئی ہیں اور شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی کے نزدیک صرف پانچ آیات منسوخ ہیں۔

(الفوز الکبیر)

ان کے برعکس حضرت ابوالقاسم ہبۃ اللہ بن سلامہ (متوفی ۴۱۰ھ) نے اپنی کتاب "الناسخ والمنسوخ" میں سورتوں کا نام لے کر بہت سی آیات کے ناسخ یا منسوخ ہونے پر روشنی ڈالی ہے۔

سوال ۸:- اگر دورِ وحدت میں صرف اور صرف خدا ئے واحد ہی ہوتا ہے یا ہوگا تو کیا جنت اور ارواح بھی ختم ہو جائیں گی۔ اور کیا ایسی صورت میں خدا تعالےٰ اکیلا ہی ہوگا۔

(منیر احمد دفتر الفضل ربوہ)

جواب:- "چشمہ معرفت" ص۱۷۸ میں لکھا ہے:-

"خدا تعالےٰ کی کوئی صفت معطل نہیں ہوتی۔ وہ قدیم سے محی بھی ہے، ممیت بھی ہے اور کوئی صفت ایسی نہیں ہے جو پہلے متقی اور اب نہیں ہے اور یا اب سے پہلے نہیں تھی۔ غرض ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ کوئی چیز خدا تعالےٰ کی وحدت کے راستہ مزاحمت نہیں رکھتی محض اسی کی ذات قائم بالنفسہٖ اور ازلی اور ابدی ہے اور باقی سب چیزیں ھالکۃ الذات اور باطلۃ الحقیقت ہیں اور یہی خالص توحید ہے"

سوال ۹:- کیا اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کے لئے نبی اور بادشاہ کا ہونا ضروری ہے؟

(محمد شریف پنشنر۔ لاہور)

جواب:- قرآن مجید کی رو سے جہاد کی متعدد اقسام ہیں ۱ جہاد القرآن، ۲ جہاد بالنفس ۳ جہاد بالمال اور ۴ جہاد بالسیف معلوم نہیں آپ کا سوال کس جہاد کے بارہ میں ہے۔ بہرحال کسی نوع کا جہاد ہو حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد قیامت تک کے لئے مشعلِ راہ ہے:-

"اِنَّمَا الْاِمَامُ جُنَّۃٌ یُّقَاتَلُ مِنْ وَّرَائِہٖ۔" (شیخین، نسائی)

یعنی امام ایک ڈھال ہے جس کی پناہ میں جنگ کی جاتی ہے۔

سوال ۱۰:- مساجد میں نماز باجماعت ادا کرنے میں کیا حکمت ہے؟ حالانکہ دکھاوے کی نماز سے منع کیا گیا ہے۔

(محمد شریف پنشنر۔ لاہور)

جواب:- نماز باجماعت نوعِ انسان کی اس عالمی وحدت کی بنیادی اینٹ ہے جس کا دائرہ کمال حج کا مبارک اجتماع ہے جس کے بعد بالآخر اقوام عالم کے اتحاد کا سر بفلک اور عظیم الشان محل تعمیر کیا جانا مقدر ہے۔ اگر بنیادی اینٹ ہی نہ رکھی جائے تو وحدتِ امم کی بلند عمارت کیونکر معرضِ وجود میں آئے گی؟؟؟

سوال ۱۱:- کیا یہ صحیح ہے کہ مجبوری میں حرام کھانا اور شرک کرنا جائز ہے؟

جواب:- موت سے بچنے کے لئے مجبوراً حرام چیز کا استعمال شرعاً جائز ہے بشرطیکہ ایسا کرنے والا نہ تو قانون اسلامی کا مقابلہ کرنے والا ہو اور نہ حدود سے آگے نکلنے والا "غَیْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ" (سورۃ البقرہ ۱۷۴)

لیکن شرک کے بارہ میں قرآن مجید میں ایسا کوئی استثناء موجود نہیں ہے بلکہ یہ لکھا ہے کہ شرک ظلمِ عظیم ہے۔

(سورۃ لقمان: ۱۴)

اور ہرگز بخشا نہیں جائے گا۔

(سورۃ نساء ۴۹)

سوال ۱۲:- بعض ان اولیائے امت کا نام بتائیے جن کے مزاروں پر حضرت بانی سلسلہ احمدیہ نے اپنے سفر دہلی ۱۹۰۵ء میں دعا کی تھی۔

جواب:- حضرت خواجہ باقی اللہؒ حضرت خواجہ میر دردؒ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ حضرت امیر خسروؒ۔

سوال ۱۳:- دہلی کے قلعہ غیاث الدین تغلق کا تاریخ احمدیت سے کیا تعلق ہے؟

جواب:- یہی وہ قلعہ ہے۔ جہاں حضرت سیدنا محمود رضؓ کو ۱۹۳۸ء میں عالم روحانی کی ایک خاص تجلی ہوئی اور آپ کی زبان مبارک پر "میں نے پالیا۔ میں نے پالیا" کے الفاظ جاری ہو گئے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اُمّ الصّفات مالکیّت کے تحت صفات الٰہیہ

مکرم مولوی اقبال احمد صاحب نجم بی اے شاہد مربّی سلسلہ

(۲)

۲۰۔ الشّہید:۔

حاضر و نگہبان و گواہ و نگران بادشاہ۔ یہ اسم شہود سے متعلق ہے یا شہادت سے۔ شہود سے ہو تو معنی ہوئے حاضر ہونے کے اور شہادت سے ہو تو معنی ہوں گے۔ گواہ۔ غرض الشّہید اللہ تعالیٰ کی وہ صفت ہے جس کے معنی ہونگے مخلوقات کے ہر حال سے مطلع اور واقف۔ سورۂ مائدہ ع ۱۶ میں فرمایا:۔

وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ
شَیْءٍ شَہِیْدٌ۔

پھر فرمایا:۔

قُلِ اللّٰہُ
بَیْنِیْ وَبَیْنَکُمْ
شَہِیْدًا۔

(عنکبوت ع ۵)

اسی طرح مندرجہ مقامات پر بھی آیا ہے۔ سبا ع ۷۔ مجادلہ ع ۱۔ النساء ع ۲۔ یونس ع ۷۔ حج ع ۲۔

۲۱۔ الحقّ:۔

سچائی اور صداقت کا سرچشمہ اپنی ہستی میں ثابت شدہ وجود جس میں کوئی تبدیلی اور تغیّر نہیں ہو سکتا۔ فرمایا:۔

ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَی اللّٰہِ
مَوْلٰہُمُ الْحَقِّ
(انعام ع ۸)

پھر وہ سب کے سب اپنے حقیقی مولیٰ کی طرف واپس کئے جائیں گے۔ اسی طرح فرمایا:۔

فَتَعٰلَی اللّٰہُ
الْمَلِکُ الْحَقُّ
(طٰہٰ ع ۶)

ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰہَ
ہُوَ الْحَقُّ۔
(حج ع ۱)

اَنَّ اللّٰہَ ہُوَ
الْحَقُّ الْمُبِیْنُ۔
(نور ع ۳)

کیونکہ ہر شے کو فنا ہے۔ لہٰذا ہر شے غیر حقیقی ہے چونکہ صرف خدا تعالیٰ کی ذات میں غیر متبدل اور غیر فانی ہے اس لئے وہ ہی ایک حقیقت اور حق ہے۔ جیسا کہ فرمایا:۔

کُلُّ مَنْ عَلَیْہَا
فَانٍ۔ وَّیَبْقٰی
وَجْہُ رَبِّکَ
ذُو الْجَلٰلِ وَ
الْاِکْرَامِ۔

۲۲۔ اَلْقَوِیُّ:۔

توانا۔ تام القدر۔ حضرت امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ قوت دلالت کرتی ہے قدرت کاملہ بالغہ پر چونکہ وہ قدرت کاملہ بالغہ رکھتا ہے۔ اسی وجہ سے وہ القویّ کہلاتا ہے فرمایا:۔

اَللّٰہُ لَطِیْفٌ
بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ
مَنْ یَّشَآءُ وَ
ہُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ
(شوریٰ ع ۲)

یہ اسم خدا تعالیٰ کی دیگر صفات کے ساتھ مل کر بھی آیا ہے۔ جیسا کہ فرمایا:۔

کَتَبَ اللّٰہُ
لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِیْ
اِنَّ اللّٰہَ قَوِیٌّ
عَزِیْزٌ۔
(مجادلہ ع ۳)

اِنَّ اللّٰہَ قَوِیٌّ
شَدِیْدُ الْعِقَابِ۔
(مومن ع ۳)

یہ یاد رہے کہ جب خدا تعالیٰ کی کچھ صفات ایک دوسرے کے ساتھ مل کر آتی ہیں تو خدا تعالےٰ کی شان کے جلوے ایک اَور ہی رنگ اور معانی کو اپنے اندر لئے ہوئے ظاہر ہوتے ہیں۔ گویا یہ صفات ایک دوسرے کے ساتھ مل کر خدا تعالےٰ کی ان مختلف صفات سے متّصف طاقتوں کا مشترکہ طور پر جلوہ دکھا کر آنکھوں کو خیرہ اور دلوں کو جذب کر رہی ہوتی ہیں۔

۲۳۔ شدید العقاب:۔

برے کاموں کی سخت سزا دینے والا۔ ارتکاب جرم کے بعد مرتکب جرم کو سخت سزا دینے والا۔ یہ اسم سورۃ مومن کی ابتداء میں آیا ہے فرمایا:۔

غَافِرِ الذَّنْبِ
وَقَابِلِ التَّوْبِ
شَدِیْدِ الْعِقَابِ
ذِی الطَّوْلِ۔

اسی طرح سورہ بقرہ ع ۲۴ میں فرمایا:۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ
اللّٰہَ شَدِیْدُ
الْعِقَابِ۔

یہ اسم اسی طرح تین جگہ اَور جگہ آیا ہے۔

۲۴۔ سَرِیْعُ الْعِقَابِ:

جلد نتیجہ دکھانے والا۔ جلد عذاب دینے والا (انہیں جو توبہ نہیں کرتے اور گمراہی میں آگے ہی آگے بڑھتے جاتے ہیں) یہ اسم قرآن کریم میں دو جگہ آیا ہے۔ چنانچہ سورۂ آل عمران میں فرمایا:۔

اِنَّ رَبَّکَ سَرِیْعُ
الْعِقَابِ۔
وَاِنَّہٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ

العقاب۔
اور سورۃ الانعام میں بھی آیا ہے۔

۲۵۔ شدید العذاب:

سخت عذاب دینے والا۔ سورۂ ابراہیم کے دوسرے رکوع میں فرمایا:۔

وَلَئِنْ کَفَرْتُمْ
اِنَّ عَذَابِیْ لَشَدِیْدٌ
اور اگر تم نے انکار کیا تو یاد رکھو میرا عذاب بہت سخت ہے۔

۲۶۔ شدید البطش:

جس کی گرفت میں سختی اور تڑپ ہو۔ سورۂ بروج میں فرمایا

اِنَّ بَطْشَ رَبِّکَ
لَشَدِیْدٌ۔

۲۷۔ مُخْزِی الْکَافِرِیْنَ:

منکرین کو انبیاء و رسل کے مقابلہ میں ذلیل کرنے والا۔ یہ بھی اس کی حاکمانہ شان ہے کہ اپنے پیغمبروں کے مقابل منکرین کو ذلیل کرتا ہے۔ جیسا کہ فرمایا

وَاَنَّ اللّٰہَ مُخْزِی
الْکٰفِرِیْنَ۔
(انفال ع ۲)

۲۸۔ بَرِیْءٌ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ

مشرکین سے بے زار۔ سورۃ توبہ کے پہلے رکوع میں فرمایا:۔

وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰہِ
وَرَسُوْلِہٖٓ اِلَی
النَّاسِ یَوْمَ
الْحَجِّ الْاَکْبَرِ
اَنَّ اللّٰہَ بَرِیْٓءٌ مِّنَ
الْمُشْرِکِیْنَ۔

یعنی اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے تمام لوگوں کو حج اکبر کے دن اطلاع دی جاتی ہے کہ اللہ اور اس کا رسول مشرکین سے بے زار ہیں۔

دوسری جگہ فرمایا:۔

اِنَّ الشِّرْکَ

لَظُلْمٌ عَظِيمٌ۔

چنانچہ ظلم عظیم کے مرتکبین کے نام ایک نوٹس جاری کیا گیا کیونکہ وہ حقائق سے منہ پھیر کر ظلمات کے پیچھے دوڑنے والے ہیں۔ اور ایسے نوٹس جاری فرمانا بھی خدا تعالےٰ کی ایک حاکمانہ شان ہے۔

۲۹۔ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكَافِرِيْنَ:

اپنے امورین اور برگزیدوں کے مقابلہ میں منکرین کے منصوبوں اور تدابیر کو بے کار کر دینے والا سورۃ انفال ع۲ میں فرمایا:۔

وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكَافِرِيْنَ۔

اور بے شک اللہ تعالےٰ کافروں کے منصوبوں کو بے کار کر دینے والا ہے

۳۰۔ اَشَدُّ بَاْسًا

عذاب میں سختی کرنے والا شدید الحرب یہ اسم نساء ع۱۱ میں آیا ہے۔ اور ساتھ ہی اَشَدُّ تَنْكِيْلًا بھی آیا ہے فرمایا:۔

وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا۔

۳۱۔ الضَّارُّ:

اعمال بد کے برے نتائج ظاہر کرنے والا ضرر و شر کا خالق۔

۳۲۔ شَدِيْدُ الْمِحَالِ

بڑی قوت والا۔ رعد ع۲ میں آیا ہے

وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ

اور وہ کافر اللہ کے بارہ میں جھگڑا کرتے ہیں اور وہ تو بڑی قوت والی ہستی ہے۔

۳۳۔ الْحَسِيْبُ:۔

کافی حساب لینے والا۔ اس اسم کے دونوں معنی ہیں۔ احساب کہتے ہیں کسی چیز کا کافی ہونا۔ جیسے کہتے ہیں حَسْبِيَ الشَّيْءُ یہ چیز مجھے کافی ہو گئی اور بعض علماء کے نزدیک اَلْحَسِيْبُ بمعنی محاسب بھی ہے۔ نساء ع۱۱ میں آیا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا۔

یہ اسم احزاب ع۵ میں بھی آیا ہے۔ جو مالک ہے وہی احتیاج کو پورا کرنے کے لئے کافی بھی ہوگا۔ کیونکہ وہ اسکی کنہ تک کو جانتا ہے اور اسی طرح وہ جس نے احکام بھیجے۔ انسانوں کو ایک Moral Code کے مطابق چلانا چاہتا ہے۔ محاسبہ بھی کرے گا۔

۳۴۔ سَرِيْعُ الْحِسَابِ:

جلد حساب کرنے والا۔ یہ اسم قرآن کریم میں کئی جگہ استعمال ہوا ہے۔ مثلاً کافروں کے بداعمال کی سزا انہیں جلد دینے کے لئے بھی اور مومنوں کو ان کے اعمال صالحہ کی جزاء دینے کے لئے بھی یہی اسکی مالکانہ شان ہے کہ ہر ایک کے اعمال کا لحاظ رکھتے ہوئے جزاء بڑھ چڑھ کر دے۔ (اپنی کیفیت و کمیت کے لحاظ سے) اور سزا اس قدر دے جس قدر سے مقصد عظیم کا حصول جلد ممکن ہو۔ فرمایا:۔

مَنْ تَكْفُرُ بِاٰيَاتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ۔

(آل عمران ع۲)

پس جو شخص آیات اللہ کا انکاری ہے وہ جان لے کہ اللہ تعالےٰ جلد حساب لینے والا ہے۔

پھر فرمایا:۔

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ

(آل عمران ع۱۹)

۳۵۔ اَسْرَعُ الْحَاسِبِيْنَ

یہ بھی اسی اسم کی ایک اور تجلی اور شان ہے۔ قرآن کریم میں ایک ہی جگہ یہ اسم آیا ہے فرمایا:۔

ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰهُمُ الْحَقِّ ۭ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحَاسِبِيْنَ

(انعام ع۸)

پھر وہ سب کے سب اپنے مولیٰ حقیقی اللہ تعالیٰ کی طرف واپس لوٹیں گے۔ جان رکھو! کہ حکم اسی کے لئے سزاوار ہے اور وہ تمام حساب کرنے والوں سے جلد تر حساب کرنے والا ہے۔ (کسی قسم کی گڑبڑ کا امکان نہیں جس طرح دنیا میں دنیا والے بعض اوقات بعض کی حق تلفی کرتے ہیں۔ یا بعض کو جزاء سے ناجائز طور پر بچا لیتے ہیں)۔

۳۶۔ اَلْحَكَمُ:۔

مخلوقات کا حاکم۔ صحیح صحیح فیصلہ کرنے والا۔ سورۃ رعد ع۵ میں فرمایا:۔

وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ۔

۳۷۔ اَحْكَمُ الْحَاكِمِيْنَ:

حاکموں کا حاکم۔ سب سے بہتر اور درست فیصلہ کرنے والا فرمایا:۔

وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ۔

(ھود ع۴)

اور نوح نے اپنے رب کے حضور التجا کی کہ اے میرے رب میرا بیٹا میرے اہل میں سے ہے اور تیرا وعدہ سچا ہے۔ اور تو سب حاکموں کا حاکم ہے

پھر سورۃ التین میں فرمایا:۔

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ

۳۸۔ خَيْرُ الْفَاصِلِيْنَ:

سب فیصلہ کرنے والوں سے افضل فرمایا:۔

اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفَاصِلِيْنَ۔

اللہ کے سوا کسی کا حکم نہیں چل سکتا وہ ہی سچی بات اور حق و حکمت سے بھری ہوئی بات بیان کرتا ہے۔ اور وہ ہی بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔

۳۹۔ اَلْقَاضِيْ:۔

صحیح صحیح فیصلہ کرنے والا فرمایا:۔

وَاللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ

اور اللہ تعالےٰ حق و حکمت سے بھرا ہوا فیصلہ کرتا ہے۔ اور جو لوگ اللہ تعالےٰ کے سوا کسی اور کو پکارتے ہیں۔ وہ کچھ بھی فیصلہ نہیں کر سکتے۔ بے شک اللہ تعالےٰ ہی سمیع و بصیر ہے۔ اس لئے صحیح فیصلہ وہی کر سکتا ہے۔ (باقی)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نتیجہ امتحان لجنہ اماء اللہ منعقدہ ۶ جون ۸۰ء

لجنہ اماء اللہ ربوہ اور بیرون از ربوہ کا معیار اوّل، دوم اور سوم کا امتیازی نتیجہ شائع کیا جارہا ہے۔ تفصیلی نتیجہ تمام لجنات کو بذریعہ ڈاک ارسال کیا جارہا ہے۔

معیار اوّل ربوہ کے امتحان میں کل ۷۵ ممبرات شامل ہوئیں۔ ۷۰ کامیاب قرار دی گئیں۔ نتیجہ ۹۳٪ فیصد رہا

اوّل، دوم اور سوم آنیوالی ممبرات کے نام درج ذیل ہیں:۔

(۱) اوّل:۔ ثمینہ افضل صاحبہ — دارالرحمت غربی — ربوہ
دوم:۔ رضیہ منیر صاحبہ — دارالرحمت شرقی — "
سوم:۔ امۃ الباسط صاحبہ — دارالصدر جنوبی — "

(۲) معیار دوم ربوہ

کل تعداد ممبرات :۔ ۱۸۵
کامیاب ممبرات :۔ ۱۸۳

نتیجہ ۹۸٪ فیصد رہا۔ اوّل، دوم اور سوم آنیوالی ممبرات کے نام یہ ہیں:۔

اوّل:۔ مظہرہ یاسمین — باب الابواب — ربوہ
دوم:۔ مبشرہ شاہین — دارالصدر جنوبی — "
سوم:۔ بشریٰ ناہید — دارالصدر جنوبی — "

(۳) معیار سوم ربوہ

کل تعداد ممبرات :۔ ۴۱۹
کامیاب ممبرات :۔ ۳۹۶

نتیجہ قریباً ۹۴٪ فی صد رہا۔ اوّل، دوم اور سوم آنیوالی ممبرات کے نام درج ذیل ہیں:۔

اوّل:۔ مسعودہ شاہد — دارالصدر شرقی — ربوہ
دوم:۔ امۃ المتین قادر — دارالصدر غربی — "
سوم:۔ امۃ الباسط شاہد — دارالصدر شرقی — "

نتیجہ معیار اوّل بیرون از ربوہ

کل تعداد ممبرات :۔ ۱۰۲
کامیاب ممبرات :۔ ۱۰۲

نتیجہ صد فی صد رہا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ

اوّل، دوم اور سوم آنیوالی ممبرات کے نام درج ذیل ہیں:۔

اوّل:۔ امۃ الرفیق ظفر صاحبہ — قیادت ۶ — کراچی
دوم:۔ مسرت جمیل صاحبہ — کنری
سوم:۔ روبینہ شاہین، فرحانہ پراچہ — کنری، بھیرہ

نتیجہ معیار دوم — بیرون از ربوہ

کل تعداد ممبرات :۔ ۲۰۹
کامیاب ممبرات :۔ ۲۰۸

نتیجہ قریباً صد فی صد رہا۔ اوّل، دوم اور سوم آنیوالی ممبرات کے نام درج ذیل ہیں

اوّل:۔ تسنیم لطیف — سرگودھا
دوم:۔ نصرت آرا — نوشہرہ کینٹ
سوم:۔ منصورہ خان — نواب شاہ

الفضل میں اشتہار دینا کامیابی کی کلید ہے
(مینیجر)

نتیجہ معیار سوم — بیرون از ربوہ

کل تعداد ممبرات :۔ ۶۳۱
کامیاب ممبرات :۔ ۶۲۳

نتیجہ قریباً ۹۸٪ فیصد رہا

اوّل:۔ صغریٰ بیگم صاحبہ — نوشہرہ
دوم:۔ امۃ النصیر صاحبہ — دھرم پورہ لاہور
سوم:۔ بشریٰ صاحبہ — قیادت ۶
شمیم طاہرہ صاحبہ — نوشہرہ

(سیکریٹری تعلیم لجنہ اماء اللہ مرکزیہ ربوہ)

خدام الاحمدیہ کا سالانہ اجتماع

مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کا سالانہ اجتماع ۷-۸-۹ نومبر مرکز سلسلہ میں منعقد ہو رہا ہے۔

مجلس شوریٰ کیلئے تجاویز بھجوانے کی آخری تاریخ ۳۰ ستمبر مقرر ہے نیز قائدین کرام نمائندگان شوریٰ کا انتخاب کروا کر ۱۵ اکتوبر تک نمائندگان کے اسماء سے مطلع فرماویں

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

برائے توجہ لجنات اماء اللہ

لجنہ اماء اللہ مرکزیہ کا سالانہ اجتماع ۷-۸-۹ نومبر کو متوقع ہے۔ ابھی تک لجنات کی طرف سے شوریٰ کے لیے تجاویز موصول نہیں ہوئیں۔ براہ کرم تجاویز جلد سے جلد بھجوائیں۔ تا انہیں مرتب کیا جا سکے۔

(آفس سیکریٹری لجنہ اماء اللہ مرکزیہ ربوہ)

دعائے مغفرت

نہایت افسوس کے ساتھ تحریر کیا جاتا ہے کہ مکرم برادرم چوہدری رشید احمد صاحب باجوہ نمبردار چک ۳۰ ایل-۱۱ مورخہ ۸۰-۹-۱۴ کو بقضاء الٰہی وفات پاگئے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

مرحوم متقی، مہمان نواز، احمدیت کے شیدائی، تہجد گذار اور ہر ایک سے انتہائی محبت سے پیش آنے والے تھے۔ نماز فجر سے قبل گھر سے ہی بلند آواز میں قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہوئے مسجد کو روانہ ہوتے۔ تاکہ راستہ میں لوگوں کو نماز کیلئے بیدار کیا جائے۔

آپ برادرم مکرم چوہدری نذیر احمد صاحب باجوہ امیر ضلع ساہیوال کے بڑے بھائی اور حضرت مولوی محمد عبداللہ صاحبؓ آف کھیوہ باجوہ کے پوتے تھے۔ پسماندگان میں دو بیٹے چوہدری حمید احمد صاحب باجوہ، اور چوہدری طاہر احمد صاحب باجوہ ایڈووکیٹ اور تین بیٹیاں بشریٰ بیگم اہلیہ چوہدری مبارک احمد صاحب باجوہ سکنہ واٹرزیدکا، نصرت بیگم اہلیہ محمد فضل عزیز الملک صاحب اور امۃ الباسط اہلیہ چوہدری بشیر احمد صاحب حال مقیم لندن شامل ہیں

احباب دعا فرماویں اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے پسماندگان کو مرحوم کی طرح صحابہ خادم سلسلہ بنائے اور ہر طرح ان کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

(محمد سلطان اکبر اسسٹنٹ پروفیسر صدر شعبہ عربی تعلیم الاسلام کالج ربوہ)

مجلس شوریٰ کیلئے تجاویز بھجوانے کی آخری تاریخ ۳۰ ستمبر مقرر ہوئی ہے بعد میں پہنچنے والی تجاویز پر غور نہیں ہو سکے گا۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Digitized by Khilafat Library Rabwah

فہرست عطیہ دہندگان برائے علاج نادار مریضان

فضلِ عمر ہسپتال ربوہ

(۷)

مکرم حاجی وزیر خانصاحب	چک ۳۱ نتھ چنیاں ضلع بہاولنگر	۱۰۰/-	روپے
" چوہدری ظہور احمد صابر صاحب	بھڈیار ضلع سیالکوٹ	۲۸/-	"
" زریں محبوب معرفت محمد یار صاحب بلوچ	چک ۴۵۵ ج ب فیصل آباد	۲۵/-	"
	لجنہ اماء اللہ مرکزیہ ربوہ	۱۰/-	"
" چیف میڈیکل آفیسر ہسپتال منجانب منصور خان نواب شاہ سندھ		۵۰۰/-	"
" طارق محمود صاحب مسلم جنرل سٹور صدر بازار اوکاڑہ		۱/-	"
"	منجانب شیخ ایاز محمود صاحب	۱۰/-	"
"	اہلیہ شیخ فضل محمد صاحب	۱۰/-	"
"	شیخ فضل محمد صاحب	۱۰/-	"
"	" فاضل محمود صاحب	۳۰/-	"
"	اہلیہ شیخ ناصر احمد صاحب	۱۰۰/-	"
مکرم بابو عبد الکریم صاحب	گوجرانوالہ	۱۰/-	"
" ماسٹر عبد الحمید صاحب	"	۱۰/-	"
" حفیظ احمد صاحب کھوکھر	"	۵۰/-	"
" نصیر احمد سولنگی صاحب	"	۱۰/-	"
" عبد الحمید صاحب درویش	"	۱۰۰/-	"
" عبد الرشید صاحب کھوکھر	"	۱۰/-	"
" منور احمد چوہان صاحب	"	۱۰/-	"
محترمہ حبیب بیگم صاحبہ	"	۵۰/-	"
" سعیدہ بیگم صاحبہ	"	۲۵۰/-	"
" نصرت ناہید صاحبہ	"	۱۰/-	"
" حفیظ بیگم صاحبہ	"	۱۰/-	"
مکرم جاوید اقبال صاحب		۱۰/-	"
" محمد خلیل قریشی صاحب سکھیکی منڈی	ضلع گوجرانوالہ	۱۰/-	"
محترمہ اہلیہ مرزا عبد الرشید صاحب	کوئٹہ	۱۰/-	"
" امۃ الحی صاحبہ اہلیہ ملک عبد الرحیم سلیم صاحب	"	۱۵/-	"
" لجنہ اماء اللہ	"	۲۵/-	"
مکرم چوہدری محمد عبد اللہ وڑائچ صاحب	"	۵۰/-	"
محترمہ شمیم کوثر صاحبہ	"	۱۰/-	"
مکرم عبد الرؤف لودھی صاحب	"	۱۵/-	"
محترمہ نعمت بابی صاحبہ	"	۱۰/-	"
مکرم ملک عبد المالک صاحب	"	۱۰/-	"
محترمہ مسز منیر گوندل منڈی بہاؤ الدین	ضلع گجرات	۲۲۰/-	"
مکرم رفیع احمد صاحب لنڈن بذریعہ عبد السلام بھٹی صاحب	دار الصدر شمالی ربوہ	۵۰/-	"
" سیکرٹری صاحب مال جماعت احمدیہ	دار الصدر جنوبی ربوہ	۴۶۰/-	"
محترمہ نرگس النساء صاحبہ	دار الصدر جنوبی ربوہ	۵۰/-	"
" امۃ السلام بشریٰ صاحبہ اہلیہ اسحاق احمد صاحب		۵۰/-	"
مکرم چوہدری حفیظ اللہ سیال صاحب ابن چوہدری امان اللہ سیال صاحب	قصور	۲۰۰/-	"
	لجنہ اماء اللہ مرکزیہ ربوہ	۱۱/-	"
مکرم ہدایت اللہ صاحب	چک ۱۶۶/۷-R ضلع بہاولنگر	۱۰۰/-	"
" قریشی عبد الرزاق صاحب نوشہرہ	دولت پور سیالکوٹ	۱۷/-	"
" چوہدری محمد حسین صاحب	دار الامان کوئٹہ روڈ سکھر	۴۷/-	"

قلیل المیعاد نوٹس طلبی ٹنڈر

زیر دستخطی کو محکمہ عمارات کے منظور شدہ ٹھیکیداروں سے جنہوں نے اپنی تجدید کی فیس جمع کرا دی ہے مندرجہ ذیل کاموں کے لئے کمپوزٹ شیڈول آف ریٹ ۱۹۷۹ء نافذ العمل یکم جولائی ۱۹۷۹ء بمعہ ترمیم نمبر ۱ سٹینڈنگ ریٹ کمیٹی تا تاریخ ٹنڈر پر مبنی اور دیگر آئیٹم کمپوزٹ شیڈول آف ریٹ ۱۹۷۹ء میں نہ آتی ہوں سنٹرل شیڈول آف ریٹ ۱۹۶۴ء کے مطابق ادا کی جائیں مجریہ سٹینڈنگ ریٹ کمیٹی تا پر مبنی پر سنٹیج / آئٹم ریٹ سربمہر تاریخ ۳۰/۹/۸۰ء ایک بجے بعد دوپہر حاضر آمدہ ٹھیکیداران یا ان کے نمائندوں کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ ٹھیکیداران کو الگ الگ سربمہر لفافہ ہر کام کے لئے استعمال کرنا ہوگا جس پر ٹھیکیدار کا نام لکھا ہوگا زربیعانہ کے بغیر ٹنڈر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

زربیعانہ بصورت چالان خزانہ یا ڈیپازٹ ریٹ کال لازماً ہونا چاہیئے زیر دستخطی بلا اظہار وجوہ کسی یا تمام ٹنڈروں کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

نمبر شمار	نام کام	زرِ تخمینہ	زرِ ضمانت	معیاد
(۱)	خوشاب میں ایس ڈی او صاحبان کیلئے رہائشگاہ	۱۲۶۰۰۰/-	۶۳۰۰/-	۶ ماہ
	تعمیر کرنا جسمیں اندرونی اور بیرونی سروسز شامل ہیں۔			
(۲)	ضلع سرگودھا میں پندرہ (۱۵) بنیادی ہیلتھ تعمیر کرنا جو مندرجہ ذیل ہیں۔			
نمبر شمار	جگہ	تخمینہ	زرِ ضمانت	معیاد
i-	دائیوال	۴۹۰۰۰۰/-	۱۰۰۰۰/-	۶ ماہ
ii-	کھیوڑہ	۴۹۰۰۰۰/-	۱۰۰۰۰/-	"
iii-	جابہ	۴۹۰۰۰۰/-	۱۰۰۰۰/-	"
(۳)	ضلع سرگودھا میں پرائمری سکولوں کو مڈل کا درجہ دینا			
(۱)	آدھی سرگل تحصیل خوشاب	۲۰۰۰۰۰/-	۴۰۰۰/-	۳ ماہ
(۴)	ایگریکلچر سکیموں کی پنجاب میں توسیع کے سلسلے میں ٹنڈر اسسٹنٹوں کے لئے دفتر اور رہائش گاہیں تعمیر کرنا۔			
(۱)	تلوکر تحصیل خوشاب	۵۰۰۰۰۰/-	۱۰۰۰۰/-	۳ ماہ
(۲)	انگہ " "	۵۰۰۰۰۰/-	۱۰۰۰۰/-	"
(۳)	شاہ حسین " "	۵۰۰۰۰۰/-	۱۰۰۰۰/-	"
(۴)	دائیوال " "	۵۰۰۰۰۰/-	۱۰۰۰۰/-	"
(۵)	چنگی جنوبی " "	۵۰۰۰۰۰/-	۱۰۰۰۰/-	"
(۵)	گورنمنٹ ہائی سکول گوندل میں بجلی اور پنکھے لگانا	۱۰۰۰۰۰/-	۲۰۰/-	ایک ماہ

(خالد محمود) ایگزیکٹو انجینئر سیکنڈ پروشنل بلڈنگ ڈویژن سرگودھا

IPL-5587

مکرم محمد اقبال صاحب	ریلوے گارڈ ریلوے کالونی فیصل آباد	۱۰۰/-	روپے
" حضرت مولوی محمد دین صاحب	دفتر صدر ربوہ	۱۰/-	"
" صاحبزادہ مرزا مجید احمد صاحب	"	۱۰/-	"

(باقی)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ

خدا تعالیٰ کی رحمتوں کے وارث

ہم ہوئے خیر امم تجھ سے ہی اے خیرِ رسل
تیرے بڑھنے سے قدم آگے بڑھایا ہم نے

(حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

"ہماری زندگی خدا تعالیٰ کی محبت اور اس کے عشق میں اپنے لمحات گزارنے کے لئے ہے۔ ہماری زندگی اس لئے اور صرف اس لئے ہے۔ کہ ہم دنیا کے ہر شخص کے پاس پہنچیں اور اسے اسلام کے پیش کردہ خدائے واحد و یگانہ سے روشناس کرائیں۔ اور حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جو محسن اعظم کی حیثیت سے دنیا کی طرف مبعوث ہوئے ہیں۔ ان کی صداقت کا قائل کروائیں تاکہ وہ بھی خدا تعالیٰ کی رحمتوں کے وارث بنیں۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے حسن و احسان کے جلوے ان کی زندگیوں میں نظر آنے لگیں"۔

(خطبہ عید الاضحیٰ ۱۳۹۹ھ ۲۵/۱۲)

فلبۂ اسلام کی صدی کے استقبال کے لئے ہم نے کئی کام سرانجام دینے ہیں صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ کو مضبوط سے مضبوط تر بنایئے۔

(سیکرٹری صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ)

خدا کی راہ میں بے دریغ خرچ کرکے

اپنے اموال کی حفاظت کیجئے

اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنے اموال کو بے دریغ خرچ کیجئے کہ یہ طریق اپنے اموال کو بچانے کا بہترین ذریعہ ہے۔

حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہ فرماتے ہیں:۔

"جو شخص مال سے محبت کرکے خدا کی راہ میں وہ خدمت بجا نہیں لاتا جو بجا لانی چاہئے وہ ضرور اس مال کو کھوئے گا۔"

(تبلیغ رسالت جلد دہم)

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے۔

وَ اَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ لَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ (بقرہ ع ۲۴)

اپنے اموال کو خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے تئیں ہلاکت سے بچاؤ۔

پس کل آمد پر شرح کے مطابق چندہ عام۔ حصہ آمد۔ چندہ جلسہ سالانہ ادا فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔

(ناظر بیت المال آمد ربوہ)

درخواستِ دعا

میری پھوپھی جان بیگم صاحبہ شیخ محمد حسین صاحب فیصل آباد تقریباً ایک ماہ سے بعارضہ یرقان بیمار ہیں۔ افاقے کی رفتار بہت سست ہے جو تشویش کا باعث ہے۔ انتہائی مخیر اور جماعت کی خدمت گزار ہیں۔ احباب ان کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے دعا فرمائیں۔

(شیخ نصیر احمد ایڈووکیٹ لاہور)

مکرم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب کا دورۂ راولپنڈی

مجلس سوال و جواب میں ایمان افروز تبلیغی خطاب

۱۲ ستمبر بروز جمعہ بعد نماز مغرب مسجد نور راولپنڈی میں مکرم محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب صدر مجلس انصار اللہ مرکزیہ نے سوال و جواب کی ایک مجلس میں جو مجلس انصار اللہ ضلع راولپنڈی کے زیر اہتمام منعقد ہوئی غیر از جماعت احباب کے سوالات کے نہایت مؤثر اور ایمان افروز جواب دیئے۔ سوالات مسائل ختم نبوت۔ وفات مسیح۔ علامات ظہور مہدی اور جماعت احمدیہ کا الگ نام رکھنے کی توجیہ وغیرہ کے متعلق تھے۔ مجلس رات ۱۰½ بجے سے ۹½ بجے تک جاری رہی۔ اختتام سے قبل محترم صاحبزادہ صاحب نے حاضرین مجلس سے پوچھا کہ کیا یہ سلسلہ جاری رکھا جائے۔ یا اب بند کر دیا جائے۔ تو غیر از جماعت دوستوں نے بھی کہا کہ جاری رکھا جائے۔ اس پر محترم میاں صاحب نے فرمایا کہ اس کے بعد آپ کے دلوں میں جو سوال پیدا ہو۔ وہ آپ ہمارے علماء سے پوچھیں۔ یہاں راولپنڈی میں ہمارے مربی صاحب موجود ہیں۔ آپ ان سے ملیں۔ میری ضرورت ہو تو میں بھی دوبارہ بلکہ بار بار اس غرض کے لئے راولپنڈی آنے کو تیار ہوں۔

اس مجلس میں ۲۵۰ احباب حاضر تھے۔ جن میں ۱۰۰ سے زیادہ غیر از جماعت دوست تھے جنہوں نے نہایت شوق اور توجہ سے حضرت میاں صاحب کے جواب سنے۔ اللہ تعالیٰ ان مساعی کا نیک نتیجہ پیدا کرے۔ بعد میں سب احباب کو رات کا کھانا مجلس انصار اللہ کی طرف سے پیش کیا گیا۔

مکرم صاحبزادہ صاحب مجلس انصار اللہ ضلع راولپنڈی کے سہ روزہ سالانہ اجتماع کے آخری دن یعنی ۱۲ ستمبر کے اجلاس میں شمولیت کے لئے تشریف لائے تھے۔

اعلان نکاح

میری بچی عزیزہ امۃ المتین بی۔ اے کا نکاح مورخہ ۵/۲۷ کو عزیزم افتخار احمد ولد ماسٹر نور الحق صاحب ہشت نگر ہاؤس پشاور یونیورسٹی کے ہمراہ محترم فضل عمر صاحب نے بعوض ۲ ہزار روپے حق مہر پر ہمارے گھر پر پڑھا۔ تمام احمدی احباب سے درخواست ہے کہ دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو دونوں خاندانوں کے لئے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔

عزیزہ امۃ المتین محترم شیخ اللہ بخش صاحب محلہ دارالرحمت قادیان کی پوتی ہے۔

شیخ محمد رمضان مالک عکاس فوٹو سٹوڈیو ڈیرہ اسمٰعیل خان

امانت دفتر الفضل

۱۔ محترمہ امۃ المجید صاحبہ بنت میاں عبدالسلام صاحب نے دو خطبہ نمبر۔ مکرم عبدالمنان ناصر صاحب نے ایک خطبہ نمبر۔ محترمہ سکینہ بیگم صاحبہ والدہ عبدالمنان ناصر نے ایک خطبہ نمبر اور مکرم محمد ظہیر الدین صاحب لاہور نے ایک خطبہ نمبر متحقین کو جاری کرنے کے لئے مبلغ ۲۵ روپے چندہ فی خطبہ نمبر سالانہ دفتر الفضل کو ارسال کئے ہیں

احباب کرام سے ان سب احباب و خواتین کی دین و دنیا میں بہتر کامیابی اور مشکلات سے مخلصی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

۲۔ مکان مکمل ہونے کی خوشی میں محترمہ ثریا لطیف صاحبہ کراچی نے ۱۰۰ روپیہ ارسال کیا ہے۔ احباب دعا فرمائیں کہ یہ مکان ان کے لئے دینی و دنیاوی نعمتوں سے مالا مال ہو۔ اور باعث رحمت ثابت ہو آمین

(مینیجر الفضل ربوہ)

(محاسب دفتر امانت ۵/۵۴)